

حکومت مہاراشٹر اور انجمن اسلام کے درمیان ’ایم او یو‘ پر دستخط

چھ ہزار طلباء کی اسکیل ڈیولپمنٹ کے تحت 5 سال تک تربیت ہوگی

ممبئی (ایس این بی) مشہور ومعروف تعلیمی ادارے انجمن اسلام اور حکومت مہاراشٹر کے درمیان میمورنڈم آف انڈراسٹینڈنگ (ایم او یو) برائے اسکیل ڈیولپمنٹ کے لیے دستخط کیے گئے ،اس موقع پر گرانڈ حیات ہوٹل میں ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس معاہدہ کے تحت انجمن اسلام کے چھ ہزار طلباء کی وزارت برائے اسکیل ڈیولپمنٹ کے تحت 5 سال تک تربیت کرے گی ۔ انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی کے مطابق مینوفیکچر ٹیکنیکل، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر کے شعبے میں تربیت دی جائے گی ۔ ایم او یو پر انجمن کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی اور چیف ایکزیکیٹو افسر اسکیل ڈیولپمنٹ شعبہ ڈی ڈی پوار نے دستخط کیے ہیں۔ اس موقع پر پرنسپل سکریٹری اور ریاستی وزیر نیلنگے پاٹل بھی موجود تھے۔ اس تقریب میں 17 ایم او یو پر دستخط کیے گئے جن میں سب سے پہلے انجمن اسلام کے ایم او یو پر دستخط کرائے گئے۔ ڈاکٹر ظہیر قاضی نے واضح کیا کہ اسکیل ڈیولپمنٹ ہر ایک شعبے میں انتہائی لازی ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انجمن اسلام نے ہمیشہ تعلیم ،سماجی بہبود اور قومی ہم آہنگی پر توجہ دی ہے اور مستقبل میں بھی ملک وملت کے لیے اس کا خیال رکھا جائے گا۔

انجمن اسلام کی بہترین کارکردگی، خدمات اور معیار کے بدولت دوسرا مقام حاصل ہوا ہے۔ جبکہ پہلا مقام ٹاٹا ٹرسٹ کو حاصل ہوا ہے اور تیسرا مہندرا کو حاصل ہوا ہے۔ مسلمانوں کے لئے یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ انجمن نے بڑے بڑے اداروں کے درمیان اپنی پوزیشن نہایت مستحکم کی ہے اور اسی بنیاد پر وزارت برائے ترقیات پیشہ وارانہ ہنر سے ایک معاہدے پر ڈاکٹر ظہیر قاضی نے دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدہ سے مسلم طلبہ کو ہنر مند حاصل کرنے کے بہتر مواقع مل جائیں گے اور ترقی کی نئی راہیں کھل جائیں گی۔ انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی کی ان کوششوں کو تعلیمی حلقوں میں بہت سراہا جارہا ہے۔

قوم وملت کیلئے ہمیشہ حاضر ہوں: حاجی عرفات

ممبئی: (ایس این بی) اورنگ آباد کے تبلیغی اجتماع میں دعا کے موقع پر اجتماع میں شرکت کے بعد شیوسینا لیڈر حاجی عرفات شیخ نے اجتماع کے حسن انتظام پر منتظمین اجتماع کو مبارکباد پیش کی۔ وہ پیر کی صبح ہی اپنے کارواں کے ساتھ اجتماع گاہ پہنچ گئے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے اجتماع کے منتظم اعلی سہیل بھائی سے ملاقات کرتے ہوئے اجتماع کے عظیم الشان پرشکوہ اہتمام پر انہیں مبارکباد پیش کی۔ سینا لیڈر نے یہاں موجود اجتماع کے اعلیٰ ذمہ داران سے ملاقات کی اور مختلف ذمہ داران نے شرکائے اجتماع کے لئے ٹول ٹیکس کی معافی اور یوم دعا کیلئے اساتذہ وطلبہ کیلئے اسکولی تعطیل کی فراہمی پر ان کی کوششوں کی ستائش کی۔ سینا لیڈر حاجی عرفات نے امیر تبلیغی جماعت مولانا سعد سے بھی ملاقات کی۔ دعا کے بعد اجتماع کے اختتام کا اعلان ہوا اور مولانا سعد نے تلقین کی کہ دو گھنٹے تک پہلے پیدل جانے والے سفر کریں اس کے بعد موٹر سائیکل، کار اور بس کے ذریعہ سفر کرنے والے روانہ ہوں، چوں کہ حاجی عرفات کو اورنگ آباد پولیس اور ریاستی حکومت کے محکمہ داخلہ کی جانب سے خصوصی پروٹیکشن فراہم تھا لیکن انہوں نے شرکائے اجتماع ساتھ پانچ کلومیٹر تک وہ پیدل چلے، اس دوران ہزاروں شرکائے اجتماع نے ان کی کاوشوں پر انھیں سراہا۔ اس موقع پر حاجی عرفات نے کہا کہ جب کبھی بھی قوم وملت کی بات ہوگی تو وہ ہمیشہ قوم کی خدمت میں پیش پیش رہیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دنوں سینوں کا عظیم الشان اجتماع ہوا تھا تو اس وقت بھی انہوں نے ریاستی حکومت سے بات کر کے ٹول معاف کروایا تھا۔ انہوں کہا کہ مستقبل میں جب کبھی قوم کو ان کی ضرورت محسوس ہوگی وہ دستیاب رہیں گے۔

بازو ہے یا نہیں محسوس ہی نہیں ہورہا: آر مادھون

امیزن پرائم کی بحث موضوع ویب سیریز ’بریتھ‘ میں اہم کردار ادا کررہے اداکار آر مادھون حال ہی میں کندھے میں کچھ دن پہلے چوٹ لگ گئی تھی۔ جس کے لئے انہیں سرجری کرانی پڑی۔ اب وہ دھیرے دھیرے اس سے صحتیاب ہورہے ہیں۔ اسپتال سے انہوں نے اپنی کچھ تصویریں انسٹاگرام پر شیئر کی ہے۔ جن میں آپ مادھون کو بستر پر دیکھ سکتے ہیں۔ ان کا چہرہ سوجا ہوا لگ رہا ہے اور ان کے ہاتھ میں ڈریپ لگی ہوئی ہے۔

’فنّے خان‘ میں 20 سال کے نظر آئیں گے انل کپور

انڈسٹری کے سب سے فٹ اداکاروں میں سے ایک مانے جانے والے انل کپور اپنی آنے والی فلم ’فنّے خان‘ میں 20 سال کے لڑکے کے گیٹ اَپ میں نظر آئیں گے!

جولوگ انل کپور کو جانتے ہیں وہ یہ مانتے ہیں کہ 60 سال کی عمر میں بھی وہ خوب توانائی رکھتے ہیں۔ وہ اپنے کئی انٹرویو میں یہ کہتے بھی ہیں کہ وہ صرف 22 سال کے ہیں اور اب وہ اس عمر کا کردار ادا کرنے کے لئے تیار بھی ہیں۔

راکیش اوم پرکاش مہرہ کی اگلی فلم ’فنّے خان‘ میں انل اپنے جوان اوتار میں بھی نظر آئیں گے۔ ڈچ فلم ’ایوری بڈی فیمس‘ پر مبنی اس فلم کی کہانی ایک ایسے آدمی کے اردگرد دکھائی جانے والی ہیں جو اپنی بیٹی کے خواب پورے کرنے کے لئے کچھ بھی کرگزرنے کے لئے تیار ہے۔

دوالگ کردار

انل اس میوزیکل کامیڈی فلم میں ایک ایسے والد کا کردار ادا کریں گے جو ایک فلاپ گلوکار ہے۔ وہیں فلم کے کچھ حصے میں ان کے ماضی کے مناظر دکھائے جائیں گے اور ان فلیش بیک مناظر میں وہ 20 سال کے جوان نظر آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق انل فلم کے اس حصے کی شوٹنگ پہلے ہی کر چکے ہیں۔ فلم مکمل ہوچکی ہے اور ابصرف ایک رومانی گانا شوٹ کرنا باقی ہے۔ جسے ایشوریہ رائے بچن اور راجکمار راؤ پر فلمایا جائے گا۔

کم عمر دکھائی جانے والی تکنیک

فلم سے جڑے ایک قریبی ذرائع کی مانیں تو فلم کی وی ایف ایکس ٹیم انل کے لُک پر تب سے کام کررہی تھی جب سے اس فلم کا اعلان کیا گیا۔ انل کو اس لُک میں ڈھالنے کے لئے کم عمر دکھائی جانے والی تکنیک کا استعمال کیا جائے گا۔

نشرت بھروچہ نے کہا......

’بڑی اداکارہ کا انٹرویو آیا تو میرا ہٹادیا جائے گا‘

سوال: پہلی فلم ’پیار کا پنچنامہ‘ سے لے کر اب تک کے اپنے سفر کو کیسے دیکھتی ہیں؟ یہاں تک پہنچنے کے لئے کتنی جدوجہد کرنی پڑی؟

جدوجہد تو ہر روز ہے اور اب بھی جاری ہے۔ میرے لئے یہ بھی ایک جدوجہد ہے کہ میرا یہ انٹرویو چھپے گا یا نہیں؟ کیونکہ کسی بڑی اداکارہ کا انٹرویو آگیا تو میرا ہٹادیا جائے گا۔ فلموں میں کردار کے معاملے میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ آپ آڈیشن دیتے ہیں۔ پروجیکٹ کی آس لگائے رہتے ہیں۔ پھر کوئی اور آپ کی جگہ آجاتا ہے۔ اس لئے میں ایک ہی بات مانتی ہوں کہ یہاں آپ کے ہاتھ میں کچھ نہیں ہے۔ آپ کو بس اپنا کام کرتے رہنا ہے۔ لوگ مجھے ’پنچنامہ گرل‘ کے طور پر ہی پہنچانتے تو ہیں۔

سوال: بالی ووڈ میں کاسٹنگ کاؤچ جیسا تجربہ کیسا رہا؟

انڈسٹری میں ایسی باتیں ہوتی ہیں۔ میرے ساتھ سیدھے سیدھے ایسا کبھی نہیں ہوا لیکن اشاروں میں پتہ چل جاتا ہے کہ سامنے والا آپ سے کیا کہنا چاہتا ہے؟ ایک بار مجھے ایک کردار کے لئے بلایا گیا پھر کہنے لگے کہ بہت بولڈ فلم ہے، بہت بولڈنیس دکھانی پڑے گی۔ تم کرلوگی؟ وغیرہ وغیرہ۔ تب میں نے ان سے صاف کہا کہ بولڈنیس سے آپ کا مطلب کیا ہے؟ کتنا بولڈ کردار ہے؟ آپ مجھے پیپر پر بتائیے۔ آپ کی بولڈنیس کی زبان میری بولڈنیس کی زبان سے الگ ہوسکتی ہے۔ اگر مجھے آپ کی بولڈنیس کی حد پتہ چل جائے تبھی بتا پاؤں گی کہ میں وہ کروں گی یا نہیں۔ ظاہر ہے وہ فلم مجھے نہیں ملی۔

سوال: اب تک کی فلموں میں آپ نے ہمیشہ جوان لڑکی والے کردار کیے ہیں۔ کوئی ایسا کردار جو فلم کی جان ہو؟

سچ کہوں تو ابھی مجھے نہیں لگتا کہ میں ویسے کردار ادا کرنے کے لئے پوری طرح تیار ہوں۔ میرے حساب سے اس کے لئے خود کو تیار کرنے میں ابھی تھوڑا وقت لگے گا۔ حالانکہ میں ’ہائی وے‘ اور ’اڑتا پنجاب‘ میں جیسا عالیہ بھٹ یا پھر ’کوئین‘ یا تنو ویڈس منو میں کنگنا راناوت کے کردار جیسا کچھ کرنا چاہوں گی۔

سوال: آپ نے لورنجن اور کارتک آرین کے ساتھ چار بار کام کیا ہے۔ بار بار اس ٹیم کے ساتھ کام کرنے کی کوئی خاص وجہ؟

میں خود طے نہیں کرتی کہ مجھے اسی ٹیم کے ساتھ کام کرنا ہے۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ کوئی اور مجھے اس سے بہتر کام نہیں دے رہا ہے۔ لورنجن سر اور کارتک ہم سبھی فلم در فلم بالغ ہوئے ہیں۔ اس ٹیم کے ساتھ کام کرنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ مجھے پتہ ہے کہ مجھے صرف اپنی اداکاری پر دھیان دینا ہے۔ باقی ہدایتکاری کی چیزیں ہدایتکار دیکھ لیں گے۔

فرحان حنیف وارثی کو بہار اُردو اکادمی کا اوّل انعام

ممبئی (ایس این بی) اردو کی موجودہ مابعد جدید شاعری کے مقبول شاعر، مترجم اور صحافی فرحان حنیف وارثی کی دوسری کتاب ’’ہینگر میں ٹنگی نظمیں‘ کو بہار اردو اکادمی (محکمہ اقلیتی فلاح ،حکومت بہار) نے سال 2017-18 کا پہلا انعام دینا منظور کیا ہے۔ بہار اردو اکادمی کے سکریٹری مشتاق احمد نوری نے اپنے جاری کردہ مکتوب میں یہ اطلاع دی۔ فرحان حنیف وارثی کے مجموعے ’’ہینگر میں ٹنگی نظمیں‘‘ کو ہندوستان، پاکستان اور دیگر ممالک کے اردو حلقوں میں پسند کیا جارہا ہے۔ پاکستان میں اس کتاب میں شامل نظموں کو سندھی اور کشمیر میں کشمیری زبانوں میں ترجمہ شروع ہوچکا ہے۔ اس کتاب میں کراچی (پاکستان) کی مشہور جدید شاعرہ عذرا عباس کے تاثرات شامل ہیں۔ انگریزی کے مشہور مصنف، صحافی اور مترجم ستیش پروہت نے کتاب کا بیک فلیپ لکھا ہے۔ فرحان حنیف وارثی کی پہلی کتاب ’’سورج اچھا بچّہ ہے‘‘ کو بھی اردو حلقے میں کافی سراہا گیا تھا۔ سابق صدر جمہوریہ اے پی جے عبدالکلام کا ایک مکتوب اس کتاب میں شامل تھا جس میں انہوں نے ٹائٹل نظم کی تعریف کی تھی اور اسے ایک عمدہ نظم قرار دیا تھا۔ فرحان حنیف وارثی کو ابھی حال ہی میں مہاراشٹر اسٹیٹ اردو ساہتیہ اکادمی نے ’ینگ ٹیلینٹ ایوارڈ‘ سے نوازا تھا۔ انہیں صحافتی خدمات کے لیے آشیرواد (جوہو ممبئی) کی طرف سے ’’ڈاکٹر ہری ونش رائے بچن نیشنل ایوارڈ‘‘ اور انڈین ایکسپریس نیوز اور ’’ری پبلکن سنگھیتیک کامگار مہاراشٹر راجیہ چترپٹ وبھاگ‘‘ کی جانب سے ’’مہاراشٹر گورو سمّان‘‘ بھی تفویض کیا جاچکا ہے۔ فرحان حنیف وارثی کی تیسری کتاب ’’ممبئی ڈائری‘‘ اب زیر اشاعت ہے۔

قرآن پوری انسانیت کیلئے کتاب ہدایت اور مشعل راہ نجات

جامعہ عثمانیہ بنگلور میں تقریب ختم قران سے جمعیۃ علماء مہاراشٹرا کے نائب صدر مولانا اشتیاق قاسمی ودیگر کے خطابات

بنگلور (پریس ریلیز) قرآن ایک جامع اور مکمل دستور حیات ہے جو پوری انسانیت کے لیے کتاب ہدایت اور مشعل راہ نجات ہے خاص طور سے امت مسلمہ کی کامیابی اور ناکامی اسی کتاب سے جڑی ہوئی ہے۔ جب تک امت نے قرآنی تعلیمات وہدایات کو اپنی عملی زندگی میں برپا کیے رکھا تھا تب تک پوری دنیا ان کے سامنے سرنگوں تھی۔ لیکن جوں جوں قرآن سے تعلق کمزور ہوتا گیا مسلمانوں میں انحطاط اور زوال کا لامتناہی سلسلہ شروع ہوگیا۔

ان خیالات کا اظہار جامعہ عثمانیہ بنگلور میں تقریب ختم قرآن کے موقع پر مولانا اشتیاق قاسمی نائب صدر جمعیۃ علماء مہاراشٹر نے کیا۔ وہ ممبئی سے اپنے ایک لائق فرزند محمد طٰہٰ کی تقریب ختم قرآن میں شرکت کے لیے بنگلور تشریف لائے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے پرآشوب حالات میں عوام وخواص سب لوگ حالات سے متاثر ہوکر قرآن سے دور ہوتے جارہے ہیں۔ مدرسوں کی طرف طالبان علوم اسلامیہ کی توجہ کم ہوتی جارہی ہے جو بہت تشویشناک بات ہے اور یہ بیماری آنے والی نسلوں کے لیے دین وایمان کی حفاظت کے حوالے سے انتہائی خطرناک ہے۔ مولانا نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ آج ضرورت ہے کہ علماء اس طرف اپنی خصوصی توجہ مبذول کریں اور امت میں حفظ قرآن کے تعلق سے بیداری پیدکرنے کے لیے تحریک چلائیں جس سے زیادہ سے زیادہ نونہالان اسلام حفظ قرآن کی عظیم دولت سے بہرہ ورہوں جو آگے چل کر ایک صحیح اور صالح معاشرہ کی تشکیل میں اپنا عظیم کردار نبھاسکیں۔

انہوں نے کہا کہ حفظ قرآن کی دولت سے سرفراز ہونے پر اللہ کی طرف سے جو وعدہ کیا گیا ہے اس سے امت کو روشناس کرائیں۔ اس لیے کہ کلام الٰہی میں وہ طاقت لازوال ہے جو پوری انسانیت کو ضلالت وگمراہی کے اندھیرے سے نکال کر ہدایت کی روشنی عطا کرسکتا ہے، پوری دنیا میں جاری ظلم وجور کی داستان ختم کرکے عدل وانصاف کی پر بہار فضا لاسکتا ہے۔ تاریخ کے اوراق گواہ ہیں کہ جس نے قرآنی تعلیمات کو اپنایا اس سے وابستہ ہوگیا اس کے دل کی دنیا بدل گئی۔ جو سکون کی تلاش میں حیران وسرگرداں تھا وہ اسے قرآن کی تلاوت سے حاصل ہوگیا، جو انصاف دنیا کے دستور میں تلاش کررہا تھا وہ اسے قرآن کے صفحات میں مل گیا۔ لہٰذا ضرورت ہے کہ قرآنی تعلیمات کو عام کیا جائے جس کی ابتدا امت کے ہر فرد کو اپنے گھر سے کرنی ہوگی۔

مولانا محمد اعظم قاسمی بستوی نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے جامعہ کے طالب علم محمد طٰہٰ کو مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ امت میں حفظ قرآن کے ماحول کو عام کرنے کیلئے علمائے کرام کو محنت کرنی ہوگی اس کے دنیوی واخروی فائدے سے لوگوں کو آگاہ کرنا ہوگا لوگوں کو بتانا ہوگا کہ حافظ قرآن خدا کے یہاں کیا مقام ومرتبہ رکھتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آتا ہے کہ ایک حافظ قرآن دس ایسے لوگوں کو جنت میں لے جائے گا جس پر جہنم واجب ہوچکی ہوگی۔ بعدازاں جامعہ کے مہتمم قاری خالد اختر کی پرسوز دعا پر پروگرام کا اختتام ہوا۔ اہم شرکاء میں مولانا اعظم قاسمی ، حافظ عبدالجبار، حافظ وحیدالرحمٰن، مولانا حبیب القدوس قاسمی ، مولانا مستحق کے اسمائے قابل ذکر ہیں۔

’آپلا مانوس‘ کے ہندی ریمیک میں ہوں گی کرینہ

کرینہ کپور خان جلد ہی ’ویرے دی ویڈنگ‘ کے ذریعے بڑے پردے پر واپسی کریں گی۔ رپورٹس کے مطابق کرینہ اس کے علاوہ جلد نیا پروجیکٹ سائن کرسکتی ہے۔ انہوں نے حال ہی میں فلم میکر آشوتوش گواریکر سے میٹنگ کی ہے۔ یہ میٹنگ آشوتوش کے نئے پروجیکٹ کے سلسلے میں ہوئی ہے۔ جس میں وہ کرینہ کو سائن کرنا چاہتے ہیں۔ دراصل آشوتوش مراٹھی فلم ’آپلا مانوس‘ کا ہندی ریمیک بنانے جارہے ہیں۔ اسی فلم کی اہم اداکارہ کے طور پر وہ کرینہ کو سائن کرنا چاہتے ہیں۔ رپورٹ کی مانیں تو کرینہ کو بھی فلم کی اسکرپٹ کافی پسند آئی ہے اور وہ جلد اسے سائن کرسکتی ہیں۔ ’آپلا مانوس‘ اسی سال 9 فروری کو ریلیز ہوئی تھی۔ فلم کی ہدایتکاری ستیش راجواڑے نے کی تھی۔ جبکہ اجے دیوگن فلم کے فلمساز تھے۔ فلم میں نانا پاٹیکر، اِراوتی ہرشے اور سمیت راگھون اہم کردار میں نظر آئے تھے۔ بطور فلمساز اجے دیوگن کی یہ پہلی مراٹھی فلم تھی۔ فلم کی کہانی والد، بیٹے اور بہو کے رشتوں کے اردگرد گھومتی دکھائی گئی تھی۔

دِشا کے سر پر بہترین شخص کا ہاتھ ہے: ٹائیگر

ساجد نڈیاڈ والا کی فلم ’ہیروپنتی‘ کے ساتھ بالی ووڈ میں اپنی شروعات کرنے والے ٹائیگر شراف کے مطابق دِشا پٹنی کے اوپر انڈسٹری کے سب سے بہترین شخص میں سے ایک کا ہاتھ ہے۔ حال ہی میں ’باغی 2‘ ٹریلر لانچ پر جب ٹائیگر شراف سے پوچھا گیا کے ساجد نڈیاڈ والا کی ’باغی 2‘ کی طرف دِشا کی شروعات کے بارے میں انھیں کیا لگتا ہے تو اداکار نے بغیر وقت ضائع کیے اپنے استاد ساجد نڈیاڈ والا کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ انھیں کام کرنے کی آزادی دیتے ہیں اور اعتماد رکھتے ہے۔ ٹائیگر نے کہا میں ان کی سرپرستی میں رہ کر بہت خوش ہوں اور وقت وقت پر مجھے رہنمائی کرتے ہیں کیونکہ مجھے نہیں لگتا کہ میں ان کے لئے کبھی بھی بڑا ہوں گا۔ دِشا کی بات کی جائے تو مجھے پتہ ہے کہ ان کے سر پر انڈسٹری میں سب سے اچھے انسان میں سے ایک کا ہاتھ ہے۔ ساجد سر نے اسکرپٹ اور ڈائریکٹر کے ذریعے ہمیں مکمل آزادی دی ہے اور جس طرح سے دِشا نے فلم میں اداکاری کی ہے، وہ حیرت انگیز ہے۔ ہم خوش قسمت ہے کہ ہمارے سر پر ایسے استاد کا ہاتھ ہے۔ ’باغی 2‘ ٹریلر کو ریلیز کرنے سے پہلے بھی ’باغی 3‘ کے اعلان سے اتنا تو صاف ہوگیا ہے کہ ساجد نڈیاڈ والا کو ٹائیگر پر بے مثال یقین ہے۔ ’باغی 2‘ کے ساتھ ٹائیگر اور ساجد تیسری بار ایک ساتھ کام کررہے ہیں۔ حال ہی میں ریلیز ہوا ’باغی 2‘ کے ٹریلر نے ٹائیگر کے شائقین کو فلم کے فی بہت حوصلہ افزائی کردیا اور نتیجے فلم کی ریلیز کا بے صبری سے انتظار کیا جارہا ہے۔ ساجد نڈیاڈ والا اور فاکس اسٹار اسٹوڈیو کی طرف سے شریک ’باغی 2‘ کو نڈیاڈ والا گرینڈسن انٹرٹینمنٹ کی طرف سے پیش کیا جائے گا۔ احمد خان کی ہدایتکاری والی یہ فلم 30 مارچ 2018 کو ریلیز ہوگی۔

کسانوں پر سے قتل کی دفعات واپس لی گئیں

سیاسی دباؤ اور نکتہ چینی کے بعد ہریانہ سرکار کا قدم

جمنانگر (ایس این بی) دہلی کے گھیراؤ کے لیے جارہے کسانوں پر لاٹھی چارج اور گرفتاری کے معاملہ میں جمنانگر پولیس نے یوٹرن لے لیا ہے۔ پولیس نے اب 150 کسانوں پر درج قتل کے اقدام کی دفعہ 307 ہٹالی ہے۔ واضح ہو کہ اس حادثہ کے بعد پوری ریاست میں اپوزیشن نے کسانوں پر معاملہ درج کرنے کی مذمت کی تھی۔ معاملہ طول پکڑا تو پولیس نے یہ دفعہ ہٹانے کا فیصلہ لے لیا۔ اس واقعہ کے بعد 35 کسانوں کو جیل بھیج دیا گیا ہے۔

غور طلب ہے کہ 23 فروری کو کسانوں نے دہلی کو وارننگ دی تھی اور اسی کو لے کر کسان تروپتی چوک پر جمع ہوگئے۔ یہاں انہوں نے اسٹیٹ ہائی وے جام کردیا تھا اور پولیس پر پتھراؤ کیا تھا، ٹریکٹر ٹرالی چڑھانے کی کوشش کی تھی جس پر پولیس نے کسانوں پر روڈ جام کرنے کے ساتھ ساتھ دفعہ 307 کا معاملہ درج کیا تھا۔ اس اقدام پر پولیس کی خوب نکتہ چینی ہوئی اور اپوزیشن نے سرکار کو گھیرا۔

کسانوں پر کسی بھی طرح نہ بڑھولوکیسٹ کا استعمال نہیں کیا۔ کسانوں کو ہٹاتے ہوئے کچھ فسادیوں نے ضرور پتھر بازی کی تھی اس دوران کسانوں کو منتشر کرتے وقت یہ سمجھ نہیں آیا کہ کسان ٹریکٹر ہٹارہے تھے یا پولیس پر چڑھا رہے تھے۔ ایف آئی آر پر جانچ کی گئی تو یہ بات سامنے آئی کہ سب غلط فہمی تھی۔ اس وجہ سے دفعہ 307 ہٹادی گئی ہے۔

بقیہ: صحافت میں فوری طور پر سمجھ میں......

انہوں نے کہا کہ صحافت کو ایسے الفاظ کا استعمال کرنا چاہئے جن میں صوتی حسن ہو اور جن کا تلفظ آسان ہو۔ شمیم طارق کے بقول ’’لفظ تتلیوں کے پر کی طرح رنگ بدلتے ہیں اور بہت سے الفاظ وقت کے ساتھ کھلتے ہیں۔‘‘ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہماری زبان اردو کافی مالا مال ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ ہندی والے بھی ہمارے الفاظ مستعار لیتے ہیں لیکن اگر ہم اپنے الفاظ کو ترک کرنے لگیں تو یہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ دوسرے سیشن کے دوسرے ریسورس پرسن کے طور پر موجود ہندی کے سینئر صحافی آدتیہ دوبے نے ’سرخیوں کا راز: پُرکشش سرخیاں کیسے لگائی جائیں؟‘‘ کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اخبارات میں سرخیوں کی بڑی اہمیت ہے۔ سرخی جتنی سادہ اور دلچسپ ہوگی، اتنا ہی قاری کو متوجہ کرے گی۔‘‘ انہوں نے ابھی حال ہی میں ہونے والے ڈاکٹر بی کے گویل کے انتقال پر ایک اخبار میں لگنے والی ایک سرخی کا حوالہ دیا جو اس طرح تھا: ’’دل کا ڈاکٹر، دل توڑ کر چلا گیا‘‘۔ انہوں نے کہا کہ ایسی سرخیاں قاری کو پوری خبر پڑھنے پر مجبور کرتی ہیں۔ اس کے بعد سوال وجواب میں بھی بہت ساری باتیں سامنے آئیں جن سے وہاں موجود شرکاء نے بھرپور فائدہ اٹھایا۔

چھوٹا عضو تناسل نا امید کیوں؟
World No.1
VACCUM THERAPY
جدید ایجاد
امریکن لنک وردھک ینتر فری
عضو تناسل کو 8 سے 9 انچ لمبا، موٹا، سڈول، طاقت ور بنائیں۔ انزال، اولاد کا نہ ہونا، نیم خوابی، نامردی کو دور کرے۔ سیکس ٹائم 35 سے 40 منٹ بڑھائیں۔ حیرت انگیز عضو تناسل میں فائدہ۔ بھرپور خوشگوار احساس اور خوشی پائیں۔ 18 سے 80 سال والے مریضوں کا 100 فیصد علاج۔ 30 دنوں کی دوا کے ساتھ جوشیلا اسپرے، تیل، کیپسول اور 16 جی بی میموریل کارڈ اور مصنوعی یونی مفت منگائیں۔
حکیم عبدالرحمن
No Side Effect
09708623841/07091333938

آل انڈیا تانترک کھلا چیلنج
زندگی کے مشکل سے مشکل مسائل کا مکمل حل گارنٹی کے ساتھ
کام ہونے کی پوری گارنٹی
اگر کسی کا شوہر، عاشق یا بیٹا کسی دوسرے کے کہنے میں ہو تو فوراً فون کریں
بابا کمال پاشا بنگالی
9810982491
ایم جی روڈ، سٹی کمپلیکس

آل انڈیا کھلا چیلنج
تانترک ماسٹر کنگ خان
2 گھنٹے میں 100% گارنٹی کے ساتھ حل
کاروبار، پیار میں پریشانی ودشمن سے چھٹکارا، گھریلو جھگڑے، میاں بیوی کے جھگڑے، لومیرج، پراپرٹی، پرانا درد، کورٹ کیس، پوشیدہ امراض، بیماری میں دوا نہ لگنا۔
A to Z پریشانیوں کا حل گھر بیٹھے
ہمارے کیے ہوئے کام کو کوئی جیوتشی، پنڈت یا مولوی کاٹ دے اسے منہ مانگا انعام۔
بابا علاؤالدین بنگالی
9818294796
9871793786

کیا آپ پریشان ہیں!
آل انڈیا کھلا چیلنج
3 گھنٹوں میں 100% حل
تنتر منتر کے سمراٹ
گھریلو تنازع، شوہر بیوی میں ان بن، شادی میں رکاوٹ، سوتن ودشمن سے چھٹکارا، دوا نہ لگنا، کریئر میں رکاوٹ، لومیرج
بابا ظفر خان
کام نہ ہونے پر پیسہ واپس
9560540829

ان کی خوشی کا راز
جاپانی تیل
زیادہ اچھے نتائج کیلئے جاپانی تیل کے ساتھ میں جاپانی-M کیپسول کا حسب معمول استعمال کریں
سبھی میڈیکل اور آیورویدک اسٹور پر دستیاب

سوپر سونک کیپسول
صرف مردوں کیلئے
سانڈھا آئل
(صرف مردوں کیلئے)

بس اب دکھ اور نہیں
دکھوں کو خوشی میں بدلنے والے روحانی وکالے علم کے ماہر
3 گھنٹے میں 100% گارنٹی حل
9990917872

دنیا کا نمبر 1 ماہر جنسیات
چھوٹا عضو مایوس کیوں
12 گھنٹے میں اثر شروع
حکیم مولانا آزاد
9135575502
8002751766

ہول دلی، وحشت، گھبراہٹ
طاقت کے لئے آج ہی استعمال کریں
سکندر اعظم کیپسول
نزدیکی میڈیکل اسٹور سے خریدیں یا فون کرکے منگائیں
05922305100
9720858747